Pakistan Tehreek-e-Insaf
Central Secretariat

پاکستان تحریک انصاف کی قیادت کا متفقّہ اعلامیہ

12 ستمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف ملک کی سب سے بڑی اور قومی جماعت ہے جو وفاقِ پاکستان کی تمام اکائیوں میں یکساں طور پر مقبول ہے۔ وفاقِ پاکستان کی سب سے بڑی نمائندہ سیاسی جماعت کے طور پر ہم پاکستان کے قومی مفادات اور ترجیحات کا مکمل ادراک رکھتے ہیں۔
- ملک میں پھیلے سیاسی عدمِ استحکام اور معاشی بدحالی سے نجات دستور کی منشاء پر اس کی روح کے مطابق عمل میں مضمر ہے چنانچہ (قومی اسمبلی کے تحلیل کئے جانے کے بعد) آئین کے صریح حکم کی روشنی میں انتخابات کا 90 روز کی مدّتِ مقررہ کے اندر آزادانہ، منصفانہ، غیر جانبدارانہ اور شفاف انعقاد ہی پیش قدمی کا واحد رستہ ہے۔
- اس باب میں آئین صدرِ مملکت اور عدالتِ عظمیٰ پر نہایت اہم ذمہ داری ڈالتا اور انہیں طے شدہ مہلت کے اندر ان انتخابات کے انعقاد کا پابند بناتا ہے۔
- پاکستان تحریک انصاف پر امید ہے کہ صدرِ مملکت اور سپریم کورٹ آف پاکستان اپنی دستوری ذمہ داریوں سے بخوبی عہدہ برآ ہوں گے اور عوامی فلاح کے مقاصد کے حصول کیلئے ایک جمہوری پاکستان کی تشکیل میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

1st Floor, Fortune Plaza, Blue Area, Islamabad
Tel: +92 51 227 0744, Fax: +92 51 287 3893, Web: www.insaf.pk